صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 16 دسمبر 2008 بمطابق 17 ذی الحجہ 1429 ہجری صبح گیارہ بجے منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیم۔

فَأَقِمۡ وَجۡهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا ۚ فِطۡرَتَ ٱللَّهِ ٱلَّتِى فَطَرَ ٱلنَّاسَ عَلَيۡهَا ۚ لَا تَبۡدِيلَ لِخَلۡقِ ٱللَّهِ ۚ ذَٰلِكَ ٱلدِّينُ ٱلۡقَيِّمُ وَلَـٰكِنَّ أَكۡثَرَ ٱلنَّاسِ لَا يَعۡلَمُونَO " مُنِيبِينَ إِلَيۡهِ وَٱتَّقُوهُ وَأَقِيمُواْ ٱلصَّلَوٰةَ وَلَا تَكُونُواْ مِنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَO مِنَ ٱلَّذِينَ فَرَّقُواْ دِينَهُمۡ وَكَانُواْ شِيَعًا ۖ كُلُّ حِزۡبِۭ بِمَا لَدَيۡهِمۡ فَرِحُونَ۔ صَدَقَ ٱللَّهُ ٱلۡعَظِيم۔

(ترجمہ): تو تم ایک طرف کے ہو کر دین (خدا کے رستے) پر سیدھا منہ کئے چلے جاؤ (اور) خدا کی فطرت کو جس پر اُس نے لوگوں کو پیدا کیا ہے (اختیار کئے رہو) خدا کی بنائی ہوئی (فطرت) میں تغیر و تبدل نہیں ہو سکتا۔ یہی سیدھا دین ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ (مومنو) اُسی (خدا) کی طرف رجوع کئے رہو اور اس سے ڈرتے رہو اور نماز پڑھتے رہو اور مشرکوں میں نہ ہونا۔ (اور نہ) اُن لوگوں میں (ہونا) جنہوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور (خود) فرقے فرقے ہو گئے۔ سب فرقے اسی سے خوش ہیں جو اُن کے پاس ہے۔

Malik Qasim Khan Khattak: Point of order, Sir.

جناب سپیکر: آپ بیٹھیں جی، تھوڑا سا اس ہاؤس کی وہ۔۔۔۔۔

ملک قاسم خان خٹک: سپیکر صاحب!۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کرتے ہیں، سب کرتے ہیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سپیکر صاحب، پشاور میں جو معصوم لوگ شہید ہو گئے ہیں، ان کیلئے فاتحہ پڑھ لیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بالکل، بالکل جی کریں گے، سب کیلئے کریں گے۔ آپ کا ہاؤس ہے جو آپ کی مرضی ہو گی، انشاءاللہ وہی کرتے ہیں۔ ایک منٹ جی۔

حلف وفاداری رکنیت

Mr Speaker: I welcome Mr. Gohar Nawaz Khan, Member-elect and request him to stand in front of his seat to take oath. Mr. Gohar Nawaz Khan.

(اس مرحلہ پر معزز رکن نے اسمبلی رکنیت کا حلف اٹھایا)

(حلف نامہ ضمیمہ میں ملاحظہ ہو)

(تالیاں)

آوازیں: مبارک ہو۔

Mr. Speaker: Now I request the Honorable Member to sign in the Roll of Members placed on the table of Secretary Provincial Assembly please.

(اس مرحلہ پر معزز رکن نے رجسٹر میں دستخط ثبت کر لئے)

جناب سپیکر: اوس د مبارک شه۔ گوہر نواز، اب مبارک ہو۔ شکریہ، اب بیٹھ جائیں۔

(تالیاں)

دعائے مغفرت

جناب سپیکر: ابھی فاتحہ کیلئے جنہوں نے کہا ہے۔ فاتحہ جن کیلئے کرنا ہے، وہ نام بتا دیں۔ جی، بی بی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: پشاور دہشت گردی میں جو ہمارے معصوم لوگ شہید ہوگئے ظالموں اور سفاک قاتلوں کے ہاتھوں، ان کیلئے دعا کی جائے۔

جناب سپیکر: جی، بی بی، اور کسی کیلئے فاتحہ پڑھنی ہے، نام بتادیں۔

ملک قاسم خان خٹک: منسٹر صاحب کے بھائی کیلئے۔

جناب سپیکر: جی، جی اور سوات کے وزیر صاحب، جی۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: هغه بے گناه خلق کوم چه د دهشت گردئ شکار شوی دی۔

محترمہ نور سحر: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی، بی بی۔

محترمہ نور سحر: یہ منسٹر صاحب کے بھائی کیلئے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا مفتی کفایت اللہ صاحب، سب کیلئے دعائے مغفرت آپ پڑھ لیں۔ مفتی ادریس صاحب بھی ان میں یاد فرمائیں۔

(اس مرحلہ پر مرحومین کے ایصال ثواب کیلئے دعائے مغفرت پڑھی گئی)

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: جذاک اللہ۔ ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں:

جناب حاجی ہدایت اللہ خان صاحب، وزیر لائیو سٹاک، 16 دسمبر تا 18 دسمبر 2008: جناب ڈاکٹر ذاکر اللہ صاحب، پورے اجلاس کیلئے; جناب سردار حسین بابک صاحب، وزیر تعلیم، 16 دسمبر 2008 کیلئے; جناب وجیہہ الزمان خان، ایم پی اے، 16 دسمبر 2008 کیلئے; مسماۃ شاہین نثار، ایم پی اے صاحبہ، 16 دسمبر 2008 کیلئے; اور جناب عالمگیر خلیل صاحب، 16 دسمبر 2008 یعنی آج کیلئے تو Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: leave is granted.

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

مسند نشینوں کی نامزدگی

جناب سپیکر: ایک منٹ جی، یہ Complete ہونے دیں، اس کے بعد آپ کا ہاؤس ہے جو بھی آپ کہیں گے۔

Item No. 4 'Panel of Chairmen', in pursuance of sub rule (1) of rule 14 of the Provincial Assembly of North-West Frontier Province, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby nominate the following Members in order of priority to form a Panel of Chairmen for the current session:

(1) Major (Retd) Baseer Ahmad Khattak, MPA;
(2) Mr. Alamzeb Khan, MPA;
(3) Mr Sikandar Hayat Khan Sherpao, MPA;.and
(4) Raja Faisal Zaman, MPA.

عرضداشتوں کے بارے میں کمیٹی کی تشکیل

Mr. Speaker: Item No. 5, 'Committee on Petitions', in pursuance of rule 116 of the Provincial Assembly of North-West Frontier Province, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby constitute a Committee on Petitions comprising the following members under the Chairmanship of Mr. Khushdil Khan Advocate, Honourable Deputy Speaker:

(1) Major (Retd) Baseer Ahmad Khattak, MPA;
(2) Musarat Shafi Advocate, MPA;
(3) Syed Qalb-e-Hassan, MPA;
(4) Mrs. Saeeda Batool Nasir, MPA;
(5) Mr. Ateeq-ur-Rehman, MPA; and
(6) Alhaj Sanaullah Khan Miankhel, MPA.

جی پلیز مفتی صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر، شکریہ بہت زیادہ۔ میں ایک اہم نکتے کی طرف آپ کی توجہ چاہتا ہوں۔ کل کیبنٹ کا اجلاس ہوا اور اس میں ایک فیصلہ ہوا ہے اور مجھے تو بہت دکھ سے کہنا پڑتا ہے کہ ہم صوبہ سرحد میں رہنے والے پہلے مسلمان ہیں بعد میں ہم کوئی اور شناخت رکھتے ہیں اور ایم ایم اے حکومت کے دوران ہم نے بینک آف خیبر کو مکمل اسلامی۔۔۔۔

جناب پرویز احمد خان: د وزیر صاحب ورور وفات شوے دے ، د هغوی د پاره دعا اوکړئ۔

جناب سپیکر: شوے ده جی، هغه خو شوے ده۔ بیا دعا اوکړئ۔ د هغوی د پاره بیا دعا اوکړئ د پرویز خان چه کوم ایم پی اے صاحب وو۔ خدایا تهٔ ئے جنت الفردوس نصیب کړے۔

(اس مرحلے پر دعائے مغفرت کی گئی)

جناب سپیکر: جی، مفتی صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر صاحب، میں عجیب بات بتانا چاہتا ہوں کہ ہم نے بینک آف خیبر کو مکمل اسلامی بنانے کیلئے اقدامات اٹھائے اور ہم نے یہ طے کیا تھا اور اس ایکٹ کے اندر ہم نے ایک ترمیم لائی تھی کہ آج کے بعد کوئی بھی سودی برانچ نہیں کھولی جائے گی اور جو پہلے سے برانچز کھلی ہوئی ہیں، ان کو ہم Convert کریں گے غیر سودی برانچوں میں، اسلامی بینکاری میں۔ جہاں تک میری معلومات ہیں، اگر وہ درست ہیں تو تینتیس برانچیں ہیں بینک آف خیبر کی اور اس میں سولہ برانچوں کو ہم نے Convert کر دیا تھا، سترہ برانچیں رہ گئی تھی۔ اس پر کام جاری تھا جیسے ہی سٹیٹ بینک ہمیں اجازت دیتا، ہم یوں ایک قدم اٹھاتے آگے چلتے، آگے چلتے اور یہ پابندی لگ گئی تھی کہ کوئی نئی برانچ نہیں کھلے گی اس سودی بینکاری کے اندر لیکن میں اسلئے افسوس سے کہتا ہوں کہ ہماری حکومت نے سودی بینکاری کو روایتی بینکاری سے تعبیر کیا ہے۔ اب روایتی بینکاری کے کیا معنی ہیں؟ کیا آنکھوں پر پٹی رکھنے سے وہ حقیقت تبدیل ہو جاتی ہے؟ اب اسلامی بینکاری کے بارے میں انہوں نے کل یہ فیصلہ کیا اور کل یہ ایکٹ بھی لائیں گے، میں بخدا بہت زیادہ معذرت سے کہتا ہوں، اس میں کوئی عددی اکثریت کی بات بھی نہیں ہے اور اس میں یہ بھی نہیں کہ ہم اپوزیشن میں ہیں، ہماری بات اسلئے رد کی جائے اور آپ لوگ حکومتی بنچوں پر ہیں، حکومت آنی جانی چیز ہے لیکن آپ خدا کے عذاب کو تو دعوت نہ دیں، ہم پہلے سے کئی عذابوں میں مبتلا ہیں۔ آج ہم یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، ہم میں سے کوئی آدمی Secure نہیں ہے۔ آج بھی میرا صوبہ آگ اور خون میں گھیرا ہوا ہے اور ہم اللہ تعالیٰ کے عذاب کو دعوت دے رہے ہیں۔ کل جو کیبنٹ نے فیصلہ کیا ہے، میری تو آپ سے درخواست ہے کہ اس فیصلے کے بارے میں وہ لوگ نظر ثانی کریں، اس کو واپس لیں اور یہاں بینک آف خیبر کے اندر ہم نے

بہت سرمایہ لگایا تھا، لوگوں کو بلایا تھا، ماہرین کو لائے تھے اور اس طرح لوگوں کو تیار کیا تھا کہ ہم کس طرح ایک نمونہ پیش کر سکتے ہیں؟ اور اس میں بہت سارا کام ہوا بھی یعنی آدھا کام ہم نے کر لیا ہے، اب ادھا کام ان کو کرنا چاہیئے تھا۔ میں تو اے این پی کی گورنمنٹ سے یہ امید رکھتا ہوں کہ کم از کم وہ اسلام کے بارے میں مخلص ہونگے اور اگر وہ ایک قدم آگے نہیں چل سکیں گے، پیچھے تو نہیں دھکیلیں گے۔ یہاں تو ایسی بات سامنے آگئی اور اس سے زیادہ تعجب کی بات اور افسوس کی بات یہ ہے کہ اس کو روایتی بینکاری سے تعبیر کیا گیا ہے۔ معاف کیجئے، ہمارا صوبہ اللہ تعالیٰ کے عذاب کو دعوت دینے کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ اسلئے میں نے آپ کو متوجہ کیا ہے اور میں یہ بھی نہیں کہتا ہوں، جو ہمارے حکومتی بنچز ہیں، میں آپ سے بھی گزارش کرتا ہوں کہ آپ بھی اس سلسلے میں ایک سنجیدہ قدم اٹھائیں اور جناب سپیکر صاحب، ہماری حکومت کو روکیں کہ وہ اس طرح کے ناجائز کام نہ کرے۔ اگر وہ اس طرح کے ناجائز کام شروع کرے گی تو معاف فرما دیجئے پھر ہمیں سڑکوں پر بھی نکلنا ہو گا، اسلام کے ایک ایک شعائر پر سر کٹانا ہمارے لئے کوئی بات نہیں ہے۔ پلیز، اس پر بہت زیادہ نوٹس لینے کی ضرورت ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی، جناب عبدالاکبر خان۔ جی، آن کر لیں عبدالاکبر خان کا مائیک۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! بہت اہم نکتہ اٹھایا گیا ہے، میری درخواست ہو گی کہ یا تو جو ایکٹ میں امنڈمنٹ اگر حکومت لاتی ہے تو اس وقت تک پھر اس پر ڈیٹیل ڈسکشن۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں وہی، میں وہی، میں رولنگ۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: اور یا وہ ایڈ جرنمنٹ موشن کی شکل میں اس کو پیش کرتے ہیں تو اس میں پھر سب ڈسکشن اس پر کر لیں گے۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں یہ پھر جب آجائے تو اس پر کال اٹینشن آپ دے دیں یا وہ بل جب آئے گا تو آپ اس پر ڈسکشن کریں گے۔ شکریہ۔

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی، گنڈاپور صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر! میں شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ پھر اس پر باقاعدہ نوٹس دیں گے۔ جی، گنڈاپور صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: میرے خیال میں آپ کی رولنگ آگئی ہے اور معزز ممبر صاحب کی۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: نہیں، میرے خیال میں انہوں نے رولنگ دے دی ہے۔

جناب سپیکر: Proper Notice دے دیں پھر اس پر بات کریں گے۔

مفتی کفایت اللہ: میری عرض یہ ہے کہ اس پر کیبنٹ نے فیصلہ کر لیا ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ اس بات کو آپ نظرانداز نہ کریں۔ تو آپ پھر اگر تحریک التواء کی اجازت دے دیں اور کل اس پر ہم مکمل بحث کر لیں تاکہ سارے ممبران کے سامنے آگاہی آجائے۔

جناب سپیکر: اس پر آپ کال اٹینشن یا ایڈجرنمنٹ موشن جو کچھ بھی آپ دینا چاہتے ہیں، وہ ہمیں دے دیں، اس پر آگے چلیں گے پھر۔ شکریہ۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: اکرم درانی صاحب! تاسو کښینئ جی، یو منټ دے اسرار اللہ گنداپور صاحب ته ورکړئ، دوئ له مے مخکښے فلور ورکړے دے۔

قائد حزب اختلاف: په دے باندے ما لږه خبره کوله۔

جناب سپیکر: په دے باندے خو رولنګ راغے۔ دا چه کله هغه راشی نو بیا به کوؤ۔ جی گنداپور صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، میں شکر گزار ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ۔۔۔۔

جناب سپیکر: بل پوائنټ آف آرډر دے که هم دا دے؟ دا خو ختم شو۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جی سر، اس کے علاوہ ایک پوائنٹ آف آرڈر ہے۔ پوائنٹ آف آرڈر تو نہیں بنتا ہے لیکن ایک اہم تاریخی حیثیت سے آج کا ایک اہم دن ہے۔ 16 دسمبر کو ہمارا ملک دولخت ہوا تھا اور آج جو ہم اپنے انٹرنیشنل عوامل دیکھ رہے ہیں اور جس قسم کے حالات ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ آج اس اجلاس کا بھی پہلا دن ہے اور ویسے بھی کوئی ایسا ایجنڈا ہمیں دکھائی نہیں دے رہا تو میری سر، ایک تجویز ہے کہ یہ

انڈیا کے حوالے سے جو حالات ہمارے Eastern border پر ہیں اور پھر اس کے جو اثرات ہمارے مغربی سرحدات پر ہونگے، اگرچہ وفاقی حکومت بھی اس میں اپنا In put دے رہی ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہاں سے اس کا ایک اثر پڑے گا کیونکہ ہم حالت جنگ میں ہیں اس صوبہ میں اور میں سمجھتا ہوں کہ نہایت اہم نکتہ ہے اگر گورنمنٹ Agree کرے تو آج کا دن ہمیں اس کیلئے مختص کرنا چاہیئے اور اس پر بحث کرنی چاہیے اور آخر میں ایک قرارداد وفاق کی طرف بھیجنی چاہیئے۔

جناب بشیر احمد بلور (سینئر وزیر): جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جناب بشیر بلور صاحب۔

سینئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر صاحب، ستاسو دا ایجنڈہ دہ، دا تحریک استحقاق دے، تحریک التواء، توجہ دلاؤ نوٹسز، دا ختم شی او ٹائم وی نو مونږ ته اعتراض نشته دے، په دے به هم ډسکشن اوکړو او قرارداد به هم راوړو۔

جناب سپیکر: ٹھیک شوہ جی۔ شکریہ۔ Item, No. 7, Privilege motion, Mr. Mohammad Ali Khan, MPA, to please move his privilege motion No. 34. Mohammad Ali Khan Sahib. He is not present, it lapses.

توجہ دلاؤ نوٹس

Mr. Speaker: Item No. 9, 'Call Attention Notices', Madam Zarqa Bibi, MPA, to please move her call attention notice No. 85. Madam. Zarqa Bibi, please.

محترمہ زرقا بی بی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! میں آپ کے توسط سے ایوان کی توجہ اس جانب مبذول کرانا چاہتی ہوں کہ گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول، نوشہرہ میں کئی استانیاں عرصہ بیس پچیس سالوں سے ایک ہی جگہ پر تعینات ہیں جس کی وجہ سے ان کی کارکردگی پر اثر پڑ گیا ہے، جس کو حکومت کی طرف سے توجہ ہونی چاہیئے۔ شکریہ جی۔

Mr. Speaker: Minister for Education, please. Education Minister.

آوازیں: وہ چھٹی پر ہیں۔

جناب سپیکر: دونوں منسٹر زجی؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سپیکر صاحب، ایجوکیشن کے ساتھ Related ایک مسئلہ ہے، اگر مجھے اجازت دی جائے تو میں اس پر بات کرلوں، پھر ایجوکیشن منسٹر صاحب جواب دے دیں گے۔

جناب سپیکر: ایجوکیشن منسٹر آج ہیں ہی نہیں، کوئی بھی نہیں ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، یہ تو آپ لوگوں کا اجلاس ہے اور آپ کے منسٹر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی آپ۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، میں بیان کردوں تاکہ ہاؤس میں اور آپ کی نالج میں یہ بات آجائے۔

Mr. Speaker: Okay, this is kept pending. Mr. Shah Hussain Khan, MPA, to please move his call attention notice No. 94. Shah Hussain Khan.

جناب شاہ حسین خان: مهربانی، ډیره مهربانی۔ میں آپ کی توجہ ایک اہم اور مفاد عامہ کے مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ خیبر میڈیکل کالج کے طلباء کے پرچوں کی چیکنگ میں پی ایم ڈی سی کے قوانین کے رول 18 اور 19 کی خلاف ورزی کرتے ہوئے، جس کے تحت Internal 50% اور 50% External Examiners کو پرچے چیک کرانے ہوتے ہیں، اس کے برعکس۔۔۔۔۔

(شور)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: کوئی منسٹر نہیں ہے اور یہ۔۔۔۔۔

جناب شاہ حسین خان: جناب سپیکر صاحب، دا۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر، کوئی منسٹر نہیں ہے اور یہ ہاؤس کی Interest۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ان کو پڑھنے دیں، شاہ حسین صاحب کو پڑھنے دیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: یعنی یہ گورنمنٹ کا اجلاس ہے اور تمام منسٹرز کو یہاں پر موجود ہونا چاہیئے تھا جناب سپیکر صاحب، گورنمنٹ سے زیادہ ہماری اپوزیشن کے لوگ یہاں پر موجود ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شاہ حسین صاحب کو ذرا موقع دیں کہ وہ Complete کردیں۔ آپ بیٹھیں جی۔ Shah Hussain khan, please go on .

جناب شاہ حسین خان: دا کابینه چه ده، دا ټول مشترکه ذمه وار دی، بس یو تن به جواب را کړی۔

جناب سپیکر: زۀ پرے راځمه، اوس زۀ پرے راځمه۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر، ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کا کوئی بندہ یہاں پر موجود نہیں ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں اس پر آرہا ہوں، آپ تھوڑا سا تشریف رکھیں۔ یہ میرا کام ہے، میں ان سے پوچھتا ہوں۔ جی شاہ حسین صاحب۔

جناب شاہ حسین خان: میں آپ کی توجہ ایک اہم اور مفاد عامہ کے مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ خیبر میڈیکل کالج کے طلباء کے پرچوں کی چیکنگ میں پی ایم ڈی سی کے قوانین کے رول 18 اور 19 کی خلاف ورزی کرتے ہوئے، جس کے تحت Internal 50% اور 50% External Examiners کو پرچے چیک کرانے ہوتے ہیں، اس کے برعکس اسے صرف External Examiner جو کہ Approved list میں بھی موجود نہیں ہیں، کو پرچے چیکنگ کیلئے بھجوائے گئے جس کی وجہ سے بہت سے طلباء کو آئی کے پرچے میں فیل کیا گیا ہے جس کی وجہ سے ان ہونہار طلباء کا مستقبل داؤ پر لگایا گیا ہے۔

اوس جناب سپیکر صاحب، خبره دا ده چه هیلتھ منسٹر صاحب هم نشته دے، ما له به جواب څوک راکوی؟

جناب سپیکر: جی منسٹر ہائر ایجوکیشن۔

جناب شاہ حسین خان: هغه هم نشته دے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: هغه هم نشته دے۔

(شور/تالیاں)

جناب شاہ حسین خان: دا اجلاس ملتوی کړئ جی، سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب۔

سینئیر وزیر (بلدیات): دا Collective responsibility ده او مونږه ئے Accept کوؤ، زۀ جواب کومه د دے، دا سے څه خبره نشته چه۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب کو بات کرنے دیں۔

سینئیر وزیر (بلدیات): دے د Explain کړی، که دوئ نور څه خبره کول غواړی نو دوئ د خبره اوکړی، زۀ جواب ورله ورکومه جی۔

جناب سپیکر: جی، جی ایک منٹ۔ جی شاہ حسین صاحب، وایئی کنه جی، تاسو له خو فلور ما درکړے دے۔

جناب شاہ حسین خان: دیکښے خبره دا ده جی چه د پی ایم ډی سی رولز دی جی۔ په هغه رولز کښې دوئ دا لیکلی دی، د رول 18 لاندے دا ده چه Internal % 50 کسان، په کالج کښې چه کوم دننه کسان دی، هغوی او External % 50، پچاس فیصد به Internal وی او پچاس فیصد به External وی او فرض کړه دوه کسان وی نو یو به د کالج دننه وی او یو به د کالج نه بهر کس وی، دوئ داسے نه ده کړے جی۔ بل ئے دا کار کړے دے چه د رول 19 خلاف ورزی ئے کړے ده چه دا یو لسټ وی، هغه Approved list وی، د هغے Approved list نه، کوم چه منظور شوے لسټ دے د هغے نه ئے هم یو کس نه دے اغستے۔ په یو کس باندے ئے پرچے چیک کړی دی، په هغے کښې د ډی آئی خان په ګومل میډیکل کالج کښې یا په سیدو میډیکل کالج کښې یا د ایبټ آباد په ایوب میډیکل کالج کښې، په دے ټولو کښې د آئی په پرچه کښې د ستره کسانو سپلیمنټری راغلے ده او یو په خیبر میډیکل کالج کښې د سینتیس کسانو سپلیمنټری راغلے ده۔ دا ځکه چه دوئ د پی ایم ډی سی د رولز مکمل خلاف ورزی کړے ده او هغه بچی کوم چه قابلان وو، لائقان وو، والدینو پرے خرچه کړے وه او هغوی به سحر و مابنام سټډی کوله، هغوی ئے په انتهائی آسانه پرچه کښې فیل کړی دی نو دا د دے رولز د خلاف ورزئ د وجے نه۔ په دے باندے دا کمیټئ ته حواله کړئ او کمیټی به په دے باندے فیصله اوکړی چه دا غلطی چا کړے ده، ولے ئے کړے ده؟ قصداً ئے کړے ده او که په خطا ترینه شوے ده؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: ستا Identical دغه موشن دے، په دے باندے هم دا شے دے؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: د ایجوکیشن په باره کښې دے۔

جناب سپیکر: ټول ایجوکیشن نه، دے سره تاسو۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: د ایجوکیشن په باره کښې دے۔ زهٔ او ډپټی سپیکر صاحب اوس بهر تلی وو نو هغه کنټریکټ لیکچررز سره مو ملاقات کړے وو نو منسټر صاحب به ئے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اودریږه، دا یو ایشو چه حل شی، دا اهم ده چه دا اوشی نو، جی بشیر بلور صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب، زهٔ مشکور یمه د آنریبل ایم پی اے صاحب چه په دومره اهم مسئلے باندے ئے خبره اوکړله او رښتیا خبره ده چه حکومت دے باره کښې نوټس هم اغستے دے او زهٔ دوئ ته دا عرض کومه چه دا چانسلر زمونږ ګورنر صاحب دے او هغوی په دے باندے مکمل ایکشن اغستے دے او مونږ به دا انکوائری کوؤ چه کومو خلقو زیاتے کړے دے او غلط کارئے کړے دے، هغه به انشاء الله مونږه Rectify کوؤ او د دوئ چه کوم Complaint دے، انشاء الله په دے به مکمل انکوائری هم کیږی او دا مسئله به حل شی انشاء الله۔ دا چه کومه خبره دوئ کړے ده، بالکل دوئ ټهیک کړے ده، مونږه بالکل دوئ سره Agree کوؤ او چانسلر صاحب/ګورنر صاحب د دے د پاره کمیټی جوړه کړے ده او د دے چه څه رزلټ راشی نو هغه به مونږه اسمبلئ کښې تاسو ته اوښایو۔

جناب سپیکر: دا کمیټی جوړه شوے ده، ایکشن پرے اغستے شوے دے ؟

سینیئر وزیر (بلدیات): ایکشن ئے پرے اغستے دے سپیکر صاحب، هغوی په دے باندے اوس کار کوی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! میں بات کرلوں؟

جناب شاہ حسین خان: په دے باندے د دے نه مخکښے بحث نه دے شوے او دا د هلکانو د مستقبل خبره ده۔ اوس درے میاشتے وروستو هغوی بیا امتحان ورکوی او درے میاشتے مونږه په انکوائرو کښې اولګوؤ نو دا خو اونه شوه جی۔ د هغوی خو بیا سپلیمنټری راغلے ده۔ زما مطلب دا دے چه دا اوس کمیټئی ته حواله شی او په ورځ دوه کښے په دیکښے میټنګ اوشی او ورځ دوه کښې۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: تاسو څه وایئی چه ګورنر صاحب هیڅ ایکشن نه دے اغستے ؟

جناب شاه حسین خان: هیځ ایکشن ئے نه دے اغستے۔ که اغستے ئے وے نو ترا وسه پورے به ئے-----

جناب سپیکر: نو معزز وزیر صاحب خو څه هسے نه وائی کنه۔

جناب شاه حسین خان: که چا ایکشن اغستے وے کنه جی،-----

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب۔

جناب شاه حسین خان: سپیکر صاحب، چه څه ایکشن ئے اغستے وے نو ترا وسه پورے به دا مسئله حل شوے وه، د دے خو یو میاشت اوشوه جی۔

سینئر وزیر (بلدیات): که دوئ دا خبره کوی چه دا کمیټئ ته حواله شی نو کمیټی به هم هفته لګوی۔ زهٔ دوئ ته دا عرض کومه چه ګورنر صاحب د دے نوټس اغستے دے او دا لیکلے ما ته راکړے شوی دی چه دا به مونږه Resolve کوؤ او زر تر زره به ئے Resolve کوؤ او بیا د دے نه پس خو کمیټئ ته د تګ ضرورت نشته دے۔ دا کال اټینشن نوټس دے جی، د هغے جواب مونږه ورکړو جی، په دیکښے بحث هډو کیدے نه شی-----

جناب شاه حسین خان: سپیکر صاحب، هیځ ایکشن پرے نه دے اغستے شوے-----

سینئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب، دا کال اټینشن نوټس چه دے، دوئ سوال اوکړو ما ورله جواب ورکړو، د دے نه پس د دے کمیټئ ته د تګ ضرورت شته دے۔ که تاسو رولز اوګورئ نو په رولز کښ کمیټئ ته د دے هډو حاجت نشته دے۔

جناب شاه حسین خان: بیا د کمیټئ جوړولو څه فائده ده چه کمیټئ ته دا تلے نه شی؟

جناب خوشدل خان ایډووکیټ (ډپټی سپیکر): جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: د رول 52 لاندے کال اټینشن کمیټو ته نه شی تلے خو دا تاسو به د دے Perusal کوئ چه دا کوم کال اټینشن تاسو ته راغلے دے، د معزز ممبر صاحب پوره تسلی به کوئ۔ مهربانی جی۔ خوشدل خان صاحب، تاسو په دے څه وئیل؟ هم دا دے که بل څه شے دے؟

جناب منور خان ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب، ما یوه خبره کوله۔

جناب سپیکر: جی بنه اود ریږه، روستو به او کړے جی۔ جی خوشدل خان۔

کنٹریکٹ لیکچررز کی مستقلی

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ (ڈپٹی سپیکر): جناب سپیکر صاحب، میں آپ کا بہت مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے چند لمحے دے دیئے۔ ابھی کنٹریکٹ لیکچررز کی ایک Delegation کی ہمارے ساتھ ملاقات ہوئی میٹنگ روم میں، میرے ساتھ نگہت اورکزئی صاحبہ بھی تھیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: هغه خو وائی چه ذمه واری مے ورته ورکړله، هغوی به ستاسو تسلی کوی۔ هغوی به ستاسو تسلی کوی، پوره مکمل زمه واری ده په دے باندے Preceding که نه وی شوے جی۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ (ڈپٹی سپیکر): سپیکر صاحب، ابھی ہمارے ساتھ ایک وفد کی ملاقات ہوگئی ہے کنٹریکٹ لیکچررز کے، میں بھی تھا اور ہماری آنریبل ایم پی اے، نگہت اورکزئی صاحبہ بھی تھیں۔ یہ ہمارے جو کنٹریکٹ لیکچررز ہیں، یہ تین سال سے مسلسل اپنی جاب پر کام کرتے ہیں، They have acquired qualification and they are eligible for the job. اب حکومت میرے خیال میں ان کو Replace کرتی ہے اور کوئی پبلک سروس کمیشن کو انہوں نے انٹرویو کیلئے کہا ہے۔ ان کا مطالبہ یہ ہے کہ اب ہم Over age بھی ہو گئے ہیں، ہماری کوالیفکیشن بھی یہی ہے، ہمارے بچے، مطلب یہ ہے کہ وہ ہمیں بے روزگار کر رہے ہیں تو میں اس معزز ہاؤس کے توسط سے آپ سے گزارش کرونگا کہ ان کیلئے کوئی کمیٹی آپ بنادیں تاکہ ہم ان کے کیسز کو دیکھ لیں، ممبران صاحبان، اور کوئی اچھی سی پالیسی بنالیں تاکہ ان لوگوں کو، کیونکہ ویسے بھی ہم حالت جنگ میں ہیں اور اگر اس طرح بے روزگاری، مطلب ہے ان کو بھی ہم بے روزگار کردیں تو یہ لوگ کہاں جائیں گے؟ اب یہ Over age بھی ہو چکے ہیں، ان کی کوالیفیکیشن ہے، Eligible ہیں، Experienced ہیں، سب کچھ ان کے پاس ہے تو ایسے حالات میں ان کو بے روزگار کرنا میرا خیال ہے کہ نامناسب ہے۔ اس کیلئے مطلب ہے کہ اگر وہ یہ کردیں تو یہ میری گزارش ہے۔ Thank you very much.

جناب سپیکر: جی نگہت بی بی، آپ کا بھی یہی ہے، آپ کا بھی یہی ہے؟ سب یہی ہے؟ ٹھیک ہے۔ بی بی کو پہلے موقع دیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب، وہ چلے گئے ہیں۔

Mr. Speaker: Nighat Bibi, Nighat Bibi, carry on.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب، ابھی جو ہماری ملاقات ہوئی ہے، ان بیچاروں نے کافی بھوک ہڑتال کے کیمپیں لگائے ہیں اور یہاں کے ہر ایم پی اے نے، آنریبل منسٹر نے ان کو Visit بھی کیا ہے اور سارا ہاؤس ان کے دکھ درد سے واقف ہے کیونکہ ایک ہزار جو گھرانے ہیں، ان کے چولہے ٹھنڈے ہو جائیں گے اور ان کے بچے جو ہیں، وہ تعلیمی سہولتوں سے محروم ہو جائیں گے اور جناب سپیکر، اس میں جو Important بات ہے، وہ یہ ہے کہ اسی طرح کے کنٹریکٹ لیکچررز، جناب سپیکر صاحب، جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: میں آپ کی توجہ چاہتی ہوں کہ تمام تین صوبوں میں جو کنٹریکٹ لیکچررز ہیں یا کنٹریکٹ ملازمین ہیں Five thousand، انہوں نے ان کو Permanent کر دیا ہے تو اس صوبے میں کیوں نہیں ہو سکتا جبکہ ہمارے صوبے میں سب سے زیادہ غربت ہے؟ اور یہاں کے لوگ اگر بے روزگار ہو جائیں تو پھر وہی تمام چیزیں یعنی بے روزگاری کے ہاتھوں وہ ایسے حالات میں چلے جائیں گے جو ہمیں Suit نہیں کریں گے۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی، جی عنایت اللہ جدون صاحب۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں اس میں تھوڑا سا، جو بات آنریبل نگہت اورکزئی صاحبہ نے کہی، میں اس میں تھوڑا سا اضافہ کرنا چاہتا ہوں کہ یہ جو کنٹریکٹ ملازمین ہیں، یہ Already کام کرتے کرتے بہت تھوڑا عرصہ ہوا ہے، ان کو بھی نوٹسز جاری کر دیئے گئے ہیں اور یہ آج سے پچھلا جو ہمارا سیشن تھا، اس وقت بھی یہ بے چارے اسی طرح یہاں دروازے پر بیٹھے تھے اور اپنی آواز ہم تک پہنچانے کی کوشش کر رہے تھے۔ جناب سپیکر! یہاں پر میں یہ بھی Add کرنا چاہتا ہوں کہ ابھی وفاقی حکومت کی

طرف سے پیپلز پارٹی کے دور میں جو لوگ پہلے یہاں پر کام کرتے رہے اور پھر وہ چھوڑ کر چلے گئے، ان کو پانچ پانچ، چھ چھ، سات سات، آٹھ آٹھ سال بعد دوبارہ آپ لوگ Employ کر رہے ہیں، یہ گورنمنٹ Employ کر رہی ہے تو میں چاہتا ہوں کہ یہ لوگ جو Already qualified ہیں اور اس کی مثال پہلی بھی ہے کہ 1974 میں کنٹریکٹ والوں کو بحال کیا گیا، 1978 میں کیا گیا، 1984 میں، 1988 میں، 1990 میں کیا گیا، تو ابھی 2008 میں بھی جو لوگ، ذریعہ معاش ان کا اور کوئی بھی نہیں ہے اور پڑھے لکھے لوگ ہیں اس سوسائٹی میں، اس کمیونٹی میں Positive ان کو ٹائم دیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی، جی، منور خان۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: شکریہ، سپیکر صاحب۔ بس جی یہی مسئلہ ہے کافی عرصے سے، یہ بیچارے گیٹ پر کھڑے ہوتے ہیں اور یہ پمفلٹ تقسیم کرتے ہیں لیکن جیسے جدون صاحب نے کہا کہ 1974 سے لیکر 1990 تک یہ سارے پہلے کنفرم ہو چکے ہیں اور سر، اسی اسمبلی سے بھی یہی ریکویسٹ کرتے ہیں کہ کم از کم ہماری حالت پر بھی رحم فرمائی جائے اور ان کو کنفرم کیا جائے بلکہ یہ کمیٹی تشکیل دی جائے تاکہ اس سلسلے میں اس کا کام ہو جائے۔

<u>Mr. Speaker</u>: Thank you. Akram Khan Durrani Sahib.

<u>جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف)</u>: جناب سپیکر صاحب، جو مسئلہ یہاں پر پیش کیا گیا کنٹریکٹ لکچررز کا، ایک تو Already ہمارے کالجوں اور سکولوں میں تعداد کی بہت کمی ہے اور کافی سکولز اور کالجز اس وجہ سے بند ہیں، ابھی چونکہ گورنمنٹ کی طرف سے ایک بات کی گئی، خوشدل خان کی طرف سے، تو اس کو ہم کیوں لمبا کرتے ہیں؟ ایک قرارداد یہاں پر ابھی لکھتے ہیں پورے ہاؤس کی طرف سے، چونکہ گورنمنٹ بھی اس کے ساتھ اتفاق رکھتی ہے اور اپوزیشن بھی (تالیاں) تو آپ اجازت دے دیں کہ ہم ایک قرارداد لکھ دیں کنٹریکٹ لیکچررز کے حق میں کہ اس کو یہ ہاؤس Approve کرے اور ہم اس کا Permanent یہاں پر نوٹیفیکیشن بھی کروادیں۔ جو چیز کمیٹی میں جاتی ہے، پھر بیچارے یہ دوبارہ گیٹ پر آئیں گے تو میری آپ کی چیئر سے یہ التجا ہے کہ اگر گورنمنٹ کے کسی ممبر کو، منسٹر کو اس پر اعتراض ہے تو اس پر بولیں اور اگر گورنمنٹ کا آدمی یہاں پر ایک تجویز پیش کر رہا ہے تو ہم اس کی حمایت میں یہاں اس کا ساتھ دے رہے ہیں اور مکمل طور پر ہم یہاں پر ایک قرارداد لکھیں گے اور ہم تو انشاء اللہ جمع بھی کرائیں

گے۔ اگر گورنمنٹ نے اپوز کیا تو اس کی اپنی مرضی لیکن آج ایک اچھا موقع ہے کہ خوشدل خان نے گورنمنٹ کی طرف سے بات کی اور ہم انشاءاللہ متفقہ طور پر اس قرارداد کو پاس کر کے ان بیچاروں کو مستقل کر لیں گے۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Thank you. Minister for Law, please.
Mr. Gulistan Khan: Point of order, Sir.

ملک قاسم خان خٹک: جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

جناب گلستان خان: میں نے پہلے پوائنٹ آف آرڈر کیا ہے۔

جناب سپیکر: پہلے تو پوائنٹ آف آرڈر اس پر بنتا نہیں، قاسم خان کو ذرا موقع دیں، پھر آپ اس کے بعد۔۔۔۔۔

ملک قاسم خان خٹک: جناب والا! یہ ایک اہم مسئلہ ہے، پورے صوبے کا مسئلہ ہے۔ اس میں صرف کنٹریکٹ لیکچررز نہیں ہیں، اس قسم کے ایس ای ٹیز جتنے بھی ایڈہاک ملازمین ہیں، کنٹریکٹ ملازمین ہیں، جس محکمے میں بھی ہیں، درانی صاحب نے بڑی اچھی تجویز دی ہے، خوشدل خان نے بڑی اچھی تجویز دی ہے، تو آج یہ موقع ہے کہ ہم اس کے بارے میں فوراً ریزولیوشن موو کریں اور انشاءاللہ منظور کریں گے متفقہ طور پر، یہ سب کا مسئلہ ہے جی۔ شکریہ جی۔

جناب سپیکر: انشاءاللہ۔ گلستان خان۔

جناب گلستان خان: جناب سپیکر، میں اس میں تھوڑا ایڈیشن چاہتا ہوں۔ صرف کنٹریکٹ لیکچررز نہیں ہونے چاہئیں، سب ہونے چاہئیں۔ سبجیکٹ سپشلسٹس بھی ہونے چاہئیں، سبجیکٹ سپشلسٹس کی وجہ سے ہمارے سارے سکولز بند ہیں۔ سکولوں میں کمی ہے، ٹیچرز نہیں ہیں تو میری طرف سے یہ تجویز ہے کہ سبجیکٹ سپشلسٹس بھی اسی میں شامل کئے جائیں یا جتنے بھی کنٹریکٹ ملازمین ہیں، وہ سب کا کیس اکٹھا ایک ہی قرارداد کے ذریعے آجائے تاکہ ان سب کو فائدہ ہو۔

Mr. Speaker: Thank you. Noor Sahar Bibi.

محترمہ نور سحر: جناب سپیکر صاحب، میں اس بات کی تو مخالفت نہیں کر سکتی لیکن میں اس کی ذرا Clarification کرنا چاہتی ہوں۔ میں اسٹیبلشمنٹ کمیٹی کی چیئرپرسن کے حوالے سے بات کروں گی کہ

پچھلے دنوں میں نے پبلک سروس کمیشن کا وزٹ کیا تھا اور ادھر میں نے یہ اعتراض کیا تھا کہ اس طرح کنٹریکٹ والوں کو بحال کرکے زیادتی ہوگی۔ آپ ان کو پبلک سروس کمیشن کے تھرو یوں کیوں نہیں لے آتے ہیں؟ ان کیلئے باقاعدہ Exam arrange کیا جائے، ان کیلئے باقاعدہ جو ہمارے اور Candidates ہیں، وہ بھی شامل ہوں گے۔ اگر Purely merit پر یہ آجائیں تو یہ صحیح بات ہوگی۔ اگر اس طرح ان کو بحال کیا جائے تو سب اس طرح آجائیں گے، یہ تو غلط طریقہ ہے کہ اس طرح ڈائریکٹ آجائے۔

Mr. Speaker: Thank you, Noor Sahar Bibi. Zahir Shah Khan Sahib.

جناب محمد ظاہر شاہ خان: ښنګه چه ډپټی سپیکر صاحب خبره اوکړله، د دے لکچررانو دا مسئله ډیرو میاشتو نه راروانه ده او دا Experienced خلق دی، تجربه کار خلق دی نو ولے حکومت خامخا دا مسئلے جوړوی؟ نو پکار دی چه فوری طور باندے دا مستقل کړی او د درانی صاحب دے خبرے سره زما اتفاق دے، یو قرارداد د پیش شی او مونږ متفقه طور باندے دا پاس کړو او زمونږ وزیران صاحبان د دے مخالفت د نه کوی او مونږ د ډپټی سپیکر صاحب د دے خبرے پرزور حمایت کوؤ۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: بشیر بلور صاحب! آپ ان کا وہ کرلیں لیکن لاء منسٹر صاحب، آپ بھی ذرا تیار رہیں۔ جی، بشیر بلور صاحب۔

جناب بشیر احمد بلور (سینئیر وزیر): جناب سپیکر، میں مشکور ہوں ہاؤس کا کہ انہوں نے ایک اہم مسئلے کی طرف توجہ دلوائی ہے۔ سپیکر صاحب، بڑی بات یہ ہے کہ جو لوگ کنٹریکٹ پر بھرتی کئے جاتے ہیں، ان کو بھی اجازت ہوتی ہے کہ وہ جا کر پبلک سروس کمیشن میں پیش ہوں۔ یہ بالکل ٹھیک ہے کہ ان کو دو سال یا تین سال ہوجاتے ہیں، یہ یہاں پر سروس کرتے ہیں تو یہ Over age اسلئے نہیں ہوسکتے، یہ جائیں، وہاں پبلک سروس کمیشن کے سامنے پیش ہوں۔ اگر وہاں پاس ہوجائیں تو وہاں پر ان کو مل سکتی ہے نوکری۔ اس میں یہ بات اسلئے ایسی نہیں ہے کہ میں اگر پبلک سروس کمیشن پاس کرکے آتا ہوں اور دوسرا بھائی جو ہے، وہ بغیر پبلک سروس کمیشن کنٹریکٹ پر آیا ہوا ہے اور مجھے نوکری نہ ملے اور اس کی نوکری Permanent ہوجائے تو میرا خیال یہ ہے کہ اگر ہاؤس اس پر اتفاق کرتا ہے تو اس کیلئے کمیٹی بنادیتے ہیں،

اس میں بیٹھ کر دیکھ لیں گے اگر وہ ہو سکا تو انشاء اللہ سر آنکھوں پر ہمارے بھائی ہیں، یہ ان پر کوئی اعتراض تو نہیں ہے اور جہاں تک ریزولیوشن کی بات ہے تو اس میں Financial implications ہیں۔ ریزولیوشن کیسے ہو سکتی ہے؟ کمیٹی اس پر بیٹھ کر فیصلہ کرے گی اور اگر کمیٹی نے ان کے حق میں فیصلہ کیا تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہو گا۔

(شور)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: اگر آپ نے اس کیلئے کمیٹی بنائی تو ہمیں معلوم ہے کہ کمیٹی میں جو چیز بھی چلی جاتی ہے تو اس پر وقت لگتا ہے اور یہ بے چارے لوگ یہاں پر آکر گیٹ پر کھڑے ہیں اور اپنا مطالبہ پیش کر رہے ہیں تو اگر آپ اس کو نہیں کرتے ہیں تو جناب سپیکر صاحب، پھر آپ ان لوگوں پر ایسا ظلم کیوں کر رہے ہیں؟ ایک ہزار چولہے آپ لوگ ٹھنڈے کر رہے ہیں، کیوں؟ جناب بشیر بلور صاحب، مجھے آپ اس کا جواب دیں کہ آپ کیوں نہیں کرنا چاہتے ہیں؟

سینئیر وزیر (بلدیات): میں تو یہی کہہ رہا ہوں کہ اس کیلئے کمیٹی بنائی جائے اور اس نے میرے ساتھ Agree کیا ہے کہ ہاں کمیٹی بناتے ہیں تو کمیٹی بنا لیتے ہیں اور اس میں بعد میں فیصلہ کر لیں گے۔

جناب سپیکر: جی مفتی کفایت اللہ صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ-----

(شور)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: پبلک سروس کمیشن کی بات جو لوگ کرتے ہیں، تو کیا وہ ان لوگوں سے زیادہ جانتے ہیں، وہ سب سے بالا تر ادارہ ہے۔ لوگوں سے زیادہ جو ہے، وہ-----

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر، یہ مسئلہ سنجیدہ ہے-----

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: اسے لڑائی جھگڑوں کی نذر نہ کریں آپ۔

مفتی کفایت اللہ: میں چیئر کی توجہ چاہتا ہوں۔ یہ مسئلہ بہت سنجیدہ مسئلہ ہے، لڑائی جھگڑے میں اس مسئلے کو ضائع نہیں کرنا چاہیئے اور اس وجہ سے بھی ضائع نہیں کرنا چاہیئے کہ آواز اٹھانے والا ایک ایم پی اے چونکہ اپوزیشن سے تعلق رکھتا ہے۔ میں تو آنریبل حکومت کی بنچوں سے گزارش کروں گا کہ آپ ماشاء اللہ بہت

سنجیدہ اور فہمیدہ حضرات ہیں اور اتفاق سے وزیر اعلیٰ صاحب بھی تشریف رکھتے ہیں، یہ کنٹریکٹ کا مسئلہ تو ہمارے لئے درد سر بنا ہوا ہے۔ آپ بھی چاہتے ہیں کہ ان لوگوں کے چولہے ٹھنڈے نہ ہوں اور ہم بھی چاہتے ہیں تو پھر ایک مشترکہ قرارداد لانے پر کیا تکلیف ہے؟ (تالیاں) ایک بات اور، دوسری بات، ایک منٹ صبر تو کریں، میں بشیر خان سے گزارش کرتا ہوں، صبر کریں۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر۔۔۔۔۔

